# بیلٹ پیپر

## ڈائریکٹرز کے انتخاب کے لیے بذریعہ ڈاک ووٹنگ (Postal Ballot)

## جوکہ 2 اپریل 2026 بروز جمعرات صبح 11:30 بجے، گرینڈ بال روم وشالیمار ہال، پرل کانٹینینٹل ہوٹل کراچی میں منعقد ہوگی۔

**چیئرمین کے رابطہ کی تفصیلات، جہاں مکمل شدہ بیلٹ پیپر ارسال کیا جاسکتا ہے:**

چیئرمین، کے-الیکٹرک لمیٹڈ کارپوریٹ افیئرز ڈیپارٹمنٹ، گراؤنڈ فلور، بلاک-بی، ایلنڈر روڈ پاور ہاؤس، آف آئی آئی چندریگر روڈ، کراچی چیئرپرسن کا مقررہ ای میل ایڈریس، جہاں مکمل شدہ بیلٹ پیپر بھیجا جاسکتا ہے:
corporate.affairs@ke.com.pk

| | |
|---|---|
| فولیو/سی ڈی ایس اکاؤنٹ نمبر: | |
| شیئر ہولڈر/مشترکہ شیئر ہولڈرز کا نام: | |
| رجسٹرڈ پتہ: | |
| حصص کی تعداد اور فولیو نمبر: | |
| شناختی کارڈ نمبر (کاپی منسلک کی جائے): | |
| اضافی معلومات اور منسلکات (اگر کسی کارپوریٹ ادارے، کمپنی یا وفاقی حکومت کے نمائندے کی صورت میں ہو): | |

**ایجنڈا آئٹم: ڈائریکٹرز کا انتخاب**

میں/ہم بذریعہ پوسٹل بیلٹ ڈائریکٹرز کے انتخاب کے سلسلے میں اپنا/اپنے ووٹ درج ذیل طریقے سے استعمال کرتا/کرتے ہیں:

بورڈ آف ڈائریکٹرز کی جانب سے مقرر کردہ دس (10) ڈائریکٹرز کا انتخاب، کمپنیز ایکٹ 2017 کی دفعہ (1) 159 کے مطابق، تین (3) سال کی مدت کے لیے کیا جائے گا۔

| شمار | امیدوار کا نام | امیدوار کے حق میں استعمال ہونے والے عام حصص کی تعداد | ووٹوں کی تعداد (ووٹنگ حصص × ڈائریکٹرز کی تعداد یعنی 10) |
|---|---|---|---|
| 01 | جناب ادیب احمد | | |
| 02 | جناب فیصل احمد صدیقی | | |
| 03 | جناب مبشر حسین شیخ | | |
| 04 | جناب محمد کامران کمال | | |
| 05 | جناب مجاہد پرویز | | |
| 06 | جناب مصطفی ناصر فاروقی | | |
| 07 | جناب سمیر ارشد چشتی | | |
| 08 | جناب شہریار ارشد چشتی | | |
| 09 | جناب شانِ عباس اشعری | | |
| 10 | جناب محمد رضوان یاسین (اقلیتی حصص یافتگان کی نمائندگی) | | |
| 11 | جناب عارف الٰہی (آزاد ڈائریکٹر) | | |
| 12 | جناب فہد سلطان (آزاد ڈائریکٹر) | | |
| 13 | جناب عمران اقبال (آزاد ڈائریکٹر) | | |

______________________

دستخط: شیئر ہولڈر/ پراکسی ہولڈر/ مجاز دستخط کنندہ

مقام:______________________ تاریخ:______________________

# نوٹس:

**I. اسکروٹنائزر کی تقرری:**

کمپنیز (پوسٹل بیلٹ) ریگولیشنز، 2018 کے ریگولیشن نمبر 11 کے مطابق، کمپنی نے M/s. Yousuf Adil, Chartered Accountants (QCR ریٹڈ آڈٹ فرم) کو ڈائریکٹرز کے انتخاب کے لیے اسکروٹنائزر مقرر کیا ہے، جو ریگولیشن نمبر 11A کے تحت دیگر ذمہ داریاں بھی سرانجام دے گا۔

**II. ڈائریکٹرز کے انتخاب کے لیے پوسٹل بیلٹ ووٹنگ اور ای ووٹنگ کا طریقہ کار**

کمپنیز (پوسٹل بیلٹ) ریگولیشنز، 2018 (وقتاً فوقتاً ترمیم شدہ) کے تحت، کمپنی کے شیئر ہولڈرز کو ای ووٹنگ اور پوسٹل بیلٹ کے ذریعے ووٹنگ کی سہولت فراہم کی جارہی ہے، جو کہ غیر معمولی جنرل میٹنگ میں منعقد ہوگی بروز جمعرات، 2 اپریل 2026، صبح 11:30 بجے، گرینڈ بال روم وشالیمار ہال، پرل کانٹینینٹل کراچی میں۔

a) ہر شیئر ہولڈر کے پاس ووٹوں کی تعداد اس کے زیرِ ملکیت ووٹنگ حصص کی تعداد اور منتخب کیے جانے والے ڈائریکٹرز کی تعداد (یعنی 10) کے حاصل ضرب کے برابر ہوگی۔

b) شیئر ہولڈر اپنے تمام ووٹ کسی ایک امیدوار کو دے سکتا ہے یا اپنی مرضی کے مطابق ایک سے زائد امیدواروں میں تقسیم کرسکتا ہے، بشرطیکہ کاسٹ کیے گئے ووٹ اس کے دستیاب ووٹوں سے زیادہ نہ ہوں۔

c) اگر کوئی شیئر ہولڈر دستیاب ووٹوں سے زیادہ ووٹ کاسٹ کرے گا تو اس کے تمام ووٹ مسترد تصور کیے جائیں گے اور ڈائریکٹرز کے انتخاب میں شمار نہیں کیے جائیں گے۔

**A. پوسٹل بیلٹ ووٹنگ کا طریقہ کار**

1. مکمل شدہ پوسٹل بیلٹ چیئرمین، کے-الیکٹرک لمیٹڈ کارپوریٹ افیئرز ڈیپارٹمنٹ، گراؤنڈ فلور، بلاک-بی، ایلنڈر روڈ پاور ہاؤس، آف آئی آئی چندریگر روڈ، کراچی کو بھیجا جائے یا corporate.affairs@ke.com.pk پر ای میل کیا جائے۔
2. پوسٹل بیلٹ کے ساتھ CNIC کی کاپی منسلک کرنا لازمی ہے۔
3. پوسٹل بیلٹ 1 اپریل 2026 کو شام 05:00 بجے تک چیئرمین کو موصول ہوجانا چاہیے۔ اس کے بعد موصول ہونے والے بیلٹ قابلِ قبول نہیں ہوں گے۔
4. پوسٹل بیلٹ پر دستخط CNIC پر موجود دستخط سے مطابقت رکھنے چاہئیں۔
5. نامکمل، بغیر دستخط، غلط، خراب شدہ، پھٹے ہوئے یا اوور رائٹ شدہ بیلٹ پیپر مسترد کردیے جائیں گے۔
6. ووٹنگ سے متعلق کسی بھی تنازع کی صورت میں، چیئرمین اجلاس، شیئر رجسٹرار اور مقررہ اسکروٹنائزر سے مشاورت کے بعد حتمی فیصلہ کرے گا۔
7. اگر ووٹنگ کسی کارپوریٹ ادارے، کمپنی یا وفاقی حکومت کے نمائندے کے ذریعے ہو، تو پوسٹل بیلٹ کے ساتھ مجاز شخص کے CNIC کی کاپی، بورڈ ریزولوشن، پاور آف اٹارنی، یا اتھارائزیشن لیٹر وغیرہ (جیسا کہ کمپنیز ایکٹ 2017 کی دفعات 138 یا 139 کے تحت درکار ہو) منسلک کرنا ضروری ہے۔ غیر ملکی کارپوریٹ اداروں کی صورت میں، تمام دستاویزات پاکستان کے متعلقہ قونصل جنرل سے تصدیق شدہ ہونا لازمی ہیں۔
8. بیلٹ پیپر کمپنی کی ویب سائٹ www.ke.com.pk پر بھی دستیاب ہے۔ اراکین اسے ڈاؤن لوڈ کرسکتے ہیں یا اخبارات میں شائع شدہ اصل/فوٹو کاپی استعمال کرسکتے ہیں۔

**B. ای ووٹنگ کا طریقہ کار**

1. ای ووٹنگ کی سہولت کی تفصیلات CDC Share Registrar Services Limited کی جانب سے 25 مارچ 2026 کو ای میل کے ذریعے ان اراکین کو فراہم کی جائیں گی جن کے CNIC، موبائل نمبر اور ای میل ایڈریس کمپنی کے ریکارڈ میں 24 مارچ 2026 تک موجود ہوں گے۔
2. ویب ایڈریس، لاگ اِن تفصیلات اور پاس ورڈ ای میل کے ذریعے فراہم کیے جائیں گے، جبکہ سیکیورٹی کوڈز SMS کے ذریعے بھیجے جائیں گے۔
3. ای ووٹنگ کے ذریعے ووٹ ڈالنے والے اراکین کی شناخت الیکٹرانک دستخط یا لاگ اِن تصدیق کے ذریعے کی جائے گی۔
4. ای ووٹنگ 29 مارچ 2026 شام 05:00 بجے سے شروع ہوگی اور 1 اپریل 2026 شام 05:00 بجے تک جاری رہے گی۔ اس دوران اراکین کسی بھی وقت اپنا ووٹ کاسٹ کرسکتے ہیں۔ ایک بار ووٹ کاسٹ کرنے کے بعد اسے تبدیل نہیں کیا جاسکے گا۔

**لسٹڈ کمپنیز (کوڈ آف کارپوریٹ گورننس) ریگولیشنز، 2019 کے ریگولیشن 5 کے تحت اقلیتی حصص یافتگان کے نمائندے کا پروفائل اور بیان**

جناب محمد رضوان یاسین نے کے-الیکٹرک لمیٹڈ کے ڈائریکٹر کے طور پر انتخاب میں حصہ لینے کی پیشکش کی ہے تاکہ وہ اقلیتی حصص یافتگان کے مفادات کی نمائندگی کرسکیں۔

وہ ایک چارٹرڈ اکاؤنٹنٹ ہیں جنہیں جنوبی ایشیا اور مشرق وسطیٰ میں آڈٹ، رسک ایڈوائزری اور کمپلائنس کے شعبوں میں سات سال سے زائد کا تجربہ حاصل ہے۔ وہ توانائی کے شعبے اور کارپوریٹ گورننس میں مہارت رکھتے ہیں اور آڈٹ کمیٹیوں کو ریگولیٹری اور داخلی امور کے حوالے سے مشاورت فراہم کرچکے ہیں۔

جناب یاسین اقلیتی حصص یافتگان کے حقوق کے تحفظ کے لیے پُرعزم ہیں۔